نیوز ریلیز

بچوں اور نوجوانوں کیلئے چوائس کو محفوظ کرنا

01 فروری، 2024ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پالیسیاں متعارف کروا رہی ہے کہ جیسے جیسے بچے بڑے ہو رہے اور بالغ بن کر ایسے لوگ بن رہے ہیں جیسے کہ وہ بننا چاہتے ہیں، ان کی مدد کی جاتی ہے۔

حکومت متعدد وزارتوں میں ایسی پالیسیاں متعارف کروا رہی ہے جو ممکنہ طور پر زندگی کو بدلنے والے اور اکثر ناقابل واپسی بالغ فیصلے کرنے سے پہلے بچوں اور نوجوانوں کی چوائسز کو محفوظ رکھ سکیں جن میں خواتین اور لڑکیوں کو کھیلوں میں محفوظ اور بامعنی طور پر حصہ لینے کا موقع فراہم کرتے ہوئے ان کی حیاتیاتی جنس میں تبدیلی بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، حکومت البرٹا کی ٹرانسجینڈر کمیونٹی کیلئے صحت کی خدمات تک رسائی اور ٹرانسجینڈر کے طور پر شناخت کروائے جانے والے بچوں اور ان کے خاندانوں کیلئے سوشل امداد کو بہتر بنائے گی۔

ٹرانسجینڈر بالغوں کیلئے مدد

ٹرانس جینڈر البرٹنز کیلئے صحت کی نگہداشت میں امداد انتہائی اہم ہے، یہی وجہ ہے کہ حکومت طبّی پیشہ ور افراد کو البرٹا لانے کیلئے کام کر رہی ہے جو قبل از اور بعد از آپریشن ٹرانسجینڈر کی نگہداشت میں مہارت رکھتے ہوں۔ صوبے میں اس مہارت کا ہونا اس بات کو یقینی بنائے گا کہ عمل تغیر والے البرٹنز کو البرٹا میں مقیم طبّی ماہر تک بہتری والی رسائی حاصل ہے تاکہ کیوبیک کا سفر جو اس وقت کیا جاتا ہے، اس کے بغیر ان کی منفرد اور پیچیدہ طبّی ضروریات میں معاونت کی جاسکے۔

اس کے علاوہ، البرٹا ہیلتھ طبّی پیشہ ور افراد کی ایک نجی رجسٹری تیار کرے گی جو اس شعبے میں مہارت رکھتے ہیں تاکہ ٹرانسجینڈر البرٹنز کیلئے ضروری طبّی علاج اور نگہداشت تک رسائی کو آسان بنایا جا سکے۔

بچوں اور نوجوانوں پر مبنی پالیسیاں

آنے والے مہینوں میں، البرٹا کی حکومت ٹرانسجینڈر کے طور پر شناخت کروائے جانے والے بچوں سے تعلق رکھنے والی صحت کی مندرجہ ذیل پالیسیوں کا نفاذ کرے گی:

- 17 سال اور اس سے کم عمر کے نابالغوں کیلئے دوبارہ صنفی تفویض کی تمام سرجریاں ممنوع ہوں گی۔
- جنس کی دوبارہ تفویض یا تصدیق کے مقصد کیلئے بلوغت بلاکرز اور ہارمون تھراپیز کے استعمال کی اجازت 15 سال اور اس سے کم عمر کے بچوں کیلئے نہیں ہوں گی، ماسوائے ان کے جنہوں نے پہلے ہی سے علاج شروع کر دیا ہو۔

- بالغ نوجوان، جن کی عمریں 16 اور17 سال ہیں، صرف والدین، معالج اور ماہر نفسیات کی منظوری کے ساتھ ہی جنس کی دوبارہ تفویض اور تصدیق کے مقاصد کیلئے بلوغت بلاکرز اور ہارمون تھراپیز شروع کروانے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

چونکہ یہ البرٹا کے تعلیمی نظام سے تعلق رکھتا ہے، مندرجہ ذیل اصلاحات نافذ کی جائیں گی:

- جب بھی کوئی استاد صنفی شناخت، جنسی رجحان یا انسانی جنسیت پر مشتمل موضوع پر باضابطہ ہدایات فراہم کرتا ہے تو والدین کو لازمی طور پر مطلع کیا جانا چاہئے اور انہیں ہر صورت میں ان کا انتخاب کرنا چاہئے۔
- البرٹا کے کلاس رومز میں دستیاب صنفی شناخت، جنسی رجحان یا انسانی جنسیت سے متعلقہ تمام فریق ثالث کے وسائل کے مواد یا پریزینٹیشنز کو وزارتِ تعلیم سے پہلے سے منظور شدہ ہونا چاہئے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ وہ عمر کے لحاظ سے موزوں ہیں۔
- والدین کو اپنے 15 سال اور اس سے کم عمر کے بچے کے نام یا ضمیر کو اسکول کے اساتذہ، انتظامیہ اور دیگر تعلیمی عملے کے استعمال کیلئے تبدیل کرنے کیلئے لازمی طور پر رضامندی دینی چاہئے۔
- والدین کو ان کے 16 یا 17 سال کی عمر کے بچے کے نام یا ضمیر کو تبدیل کرنے کیلئے لازمی طور پر مطلع کیا جانا چاہئے جو اسکول کے اساتذہ، انتظامیہ اور دیگر تعلیمی عملہ استعمال کرے۔

البرٹا کی حکومت ٹرانسجینڈر کے طور پر شناخت کروانے والے نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کو اکثر مشکل اور پیچیدہ مسائل اور بات چیت کے ذریعے کام کرنے میں مدد کیلئے ایک مشاورتی پائلٹ پراجیکٹ بھی تشکیل دے رہی ہے۔

خواتین، لڑکیاں اور ٹرانسجینڈر ایتھلیٹس

آخر میں، چونکہ یہ خواتین، لڑکیوں اور ٹرانسجینڈر خواتین ایتھلیٹس سے تعلق رکھتا ہے، البرٹا کی حکومت صوبے میں کھیلوں کی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ٹرانسجینڈر خواتین ایتھلیٹس سے مقابلہ کئے بغیر حیاتیاتی طور پر پیدا ہونے والی خواتین ایتھلیٹس صرف حیاتیاتی خواتین کے ڈویژن میں مقابلہ کرنے کے قابل ہوں جبکہ اس کے ساتھ ساتھ ایتھلیٹک مقابلوں کیلئے مخلوط تعلیم یا دیگر جینڈر نیوٹرل ڈویژنوں کو بھی بڑھانا، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ٹرانسجینڈر ایتھلیٹس اپنی پسند کے کھیل میں بامعنی طور پر حصہ لینے کے قابل ہوں۔

ملٹی میڈیا

- ملاحظہ کریں: پریمیئر اسمتھ (Smith) کا ویڈیو پیغام
- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا انکوائریز

سَیم بلیکیٹ (Sam Blackett)

587-589-6048
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر